سوال

(523) کیا اکرم اور مریم کی شادی ہو سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عمران کی دو شادیاں ہوئیں۔ عمران کی پہلی بیوی سے ایک لڑکی اس کا نام شازیہ ہے۔ عمران کی دوسری بیوی سے ایک لڑکی اس کا نام مریم ہے۔ پھر شازیہ کی شادی ہو گئی۔ اس سے ایک لڑکا اکرم پیدا ہوا۔

کیا اکرم اور مریم کی شادی ہو سکتی ہے؟ (ڈاکٹر اشفاق احمد، جھبراں)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صورتِ مسئولہ میں مریم اکرم کی علاتی خالہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: {وَخَالَاتُكُمْ ط} [النسائ: ۴ ۲۳] ''تمہاری خالائیں تم پر حرام ہیں۔'' یہ لفظ خالات عام ہے، خالہ عینی، علاتی اور اخیافی تینوں کو شامل ہے۔ لہٰذا اکرم کا مریم کے ساتھ نکاح ناجائز ہے۔ واللہ اعلم۔ ۲۰ ۱۱ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]()

جلد 02 ص 455

محدث فتویٰ